© rasailojaraid.com



پتہ ........ فاروقی کتب خانہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

مختلف تقریبات کے لیے حسب حال خطبات کی ضرورت ہوتی ہے مگر یہ بات کہ وہ مسنون خطبوں پر بھی مشتمل ہوں۔ شاذ و نادر ہی دیکھنے میں آتی ہے۔ ہاں مندرجہ بالا کتاب اور تئے کا ایک موند اہل دل منبع سنت اور مبلغ دین کی مرتب کردہ کتاب ہے۔ جو صرف مسنون خطبات پر مشتمل ہے اور تقریباً تقریباً حسب حال خطبات کا مرقع ہے۔ زبان و بیان بشیریں، دلگداز اور دل پذیر ہے۔ ماشاء اللہ عمدہ سرمایہ ہے۔

البلاغ المبین ........ حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ

صفحات ........ ۱۱۸

قیمت ........ ۵۰-۴ روپے

پتہ ........ فاروقی کتب خانہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

کہتے ہیں کہ یہ کتاب حکیم الامۃ حضرت امام شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کی تالیف ہے۔ طرز استدلال ثقاہت اور موضوع کے انتخاب سے اندازہ تو یہی ہوتا ہے کہ یہ ان کی ہی تالیف ہے تاہم تذکرہ نگاروں نے اس کا کہیں تذکرہ نہیں کیا۔ واللہ اعلم

افتراق، شرک و بدعت، غارت گر ایمان بھی ہیں اور غارت گر آخرت بھی مگر یہ جس قدر مہلک ہیں شیطان کی سعی و کوشش سے یہ عوام کالانعام کے لئے جاذب بھی ہیں۔ بہرحال اس کتاب میں ان مفروات اور بدعات کی نشاندہی کر کے کتاب و سنت سے ان کی تباہ کاریوں کو بے نقاب کیا گیا ہے۔

اس کے بعد خاصان خدا کے تذکار جمیلہ حقیقت، مکارم حیات اور مقبولان بارگاہ کی کرامات اور فنا فی اللہ کے نمونے بیان کر کے باب توحید کو واضح فرمایا ہے۔ شرکیہ تعویذ گنڈے، پیران تسمہ پا، کاروباری اور بازاری دیوتاؤں اور پیروں کی قلعی کھول کر خلق خدا کو ہوش میں لانے کی کوشش بھی کی ہے۔ (زبیر علی)

خدا کا اسلامی تصور ........ الحاج عبد القادر داؤدی

ناشر ........ ع۔ برادران، کوٹ واسٹ، گوجرانوالہ

قیمت ........ ۱۳/۵۰ روپے۔

انسان کو تمام کائنات سے اشرف پیدا کیا گیا اور یہ بات اس کی فطرت میں ودیعت کی گئی کہ وہ صرف ایک ذات یعنی خالق کائنات کے سوا کسی کا دست نگر اور محتاج نہیں ہے۔ وہ صرف خالق کائنات کا بندہ اور باقی تمام کائنات کا وہ سرتاج اور حکمران ہے۔ مگر یہ ایک بڑا المیہ ہے کہ انسان نے اس حقیقت کو کم ہی سمجھا اور تقریباً ہر دور میں معبود حقیقی کو چھوڑ کر محسوس خداؤں کے پیچھے لگ گیا۔

© rasailojaraid.com